پریس ریلیز

جنرل ہسپتال کے چیف سینٹری انسپکٹر طارق محمود خان کورونا وائرس کو شکست دینے میں کامیاب

بیماری اور صحت یابی اللہ کے ہاتھ میں ہے، کورونا میں مبتلا مستحق افراد کو پلازمہ دونگا: طارق محمود خان

کوروناوائرس خطرناک ہے، ہر شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں: گفتگو

لاہور 13 جون:۔۔۔۔۔جنرل ہسپتال کے چیف سینٹری انسپکٹر طارق محمود خان کوروناوائرس کوشکست دینے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کورونا وائرس میں مبتلا مستحق افراد کو اپنا پلازمہ عطیہ کرنے کا اعلان کیا ہے اور صحت یاب ہونے کے بعد دفتری امور میں اپنے فرائض کی انجام دہی شروع بھی کر دی۔

چیف سینٹری انسپکٹر طارق محمود خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کورونا بہت خطرناک وائرس ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شہری ان مشکل حالات میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور ایس او پیز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں تا کہ اس وائرس پر جلد از جلد قابو پایا جا سکے۔ طارق محمود خان نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ بیماری اور صحت یابی دونوں اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں لیکن اس وائرس سے گھبرانے کی بجائے احتیاطی تدابیر کو مدنظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت اور صحت کا شعبہ بہترین اقدامات کر رہا ہے لیکن عوام کو بھی حکومت کا ہاتھ بٹانا ہوگا اور سماجی فاصلہ، سینی ٹائزر کا استعمال اور سیفٹی ماسک کا خیال رکھنا ہوگا۔ طارق محمود خان نے مزید کہا کہ کورونا وائرس سے گھبرانے کی بجائے صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں اور ایس او پیز کی پاسداری کریں تا کہ جلد از جلد اس مشکل سے نجات مل سکے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کورونا کے تمام مریضوں کو جلد از جلد صحت یاب کرے اور وطن عزیز میں پہلے جیسے نارمل حالات زندگی میسر آسکیں۔

☆☆☆☆